اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کواپ ڈیٹ کرنے والے مدنی پھول (حج)

حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے پھر یا نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم **پھر نظر میں پھر گئے حج کے مناظر یا نبی!** صلی اللہ علیہ والہ وسلم

کر رہے ہیں جانے والے حج کی اب تیاریاں **رہ نہ جاؤں میں کہیں کر دو کرم پھر یا نبی!** صلی اللہ علیہ والہ وسلم

(وسائل بخشش)

الحمدللہ! حج کے پُر بہار موسم میں عازمین مدینہ کی تربیت کرنے، انفرادی کوشش کے ذریعے دینی کاموں کی ترغیب دلانے، مبارک باد پیش کرنے، خوب خوب تقسیم کتب و رسائل کے لیے اپنی ذمہ دار کے ساتھ اس کام میں حصہ لیجیے۔

اللہ پاک!! اس کام کی برکت سے جلد ہمیں بھی حج بیت اللہ کی سعادت اور مدینے کی باادب وباذوق حاضری نصیب فرمائے اور بالآخر زیر گنبد خضرا، جلوۂ محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں ایمان و عافیت کے ساتھ موت نصیب ہو اور بقیع پاک ہمارا مدفن بنائے۔ اٰمین بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴾1﴿ موسم حج میں ذیلی تا نگران عالمی مجلس مشاورت کے درمیان تقسیم کتب و رسائل کے اہداف دیئے جائیں گے ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں بھی اس ہدف کو پورا کرنے کے لیے اپنی ذمہ دار کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ ذیلی سے جانے والی عازمین مدینہ کو حج سنتوں بھرے اجتماع اور حاجی کیمپ و ایئرپورٹ پر کتب و رسائل تحفۃً پیش کی جاسکے۔

﴾2﴿ موسم حج میں جامعۃ المدینہ گرلز، مدرسۃ المدینہ گرلز، دارالمدینہ گرلز، فیضان آن لائن (اکیڈمی) (کو بذریعہ انٹر نیٹ send کیے جائیں گے) اور روحانی علاج ذمہ داران کو اور حج سنتوں بھرے اجتماع میں **"شیڈول برائے حرمین طیبین"** حسب ضرورت تقسیم کیے جائیں گے تاکہ اسکے ذریعے عازمین مدینہ، مکہ و مدینہ شریف میں اپنے ہر ہر لمحے کو عبادت میں گزار کر قیمتی بنا سکیں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾3﴿ شوال المکرم کے ابتدائی دنوں میں **"حج کے مخصوص کتب و رسائل کی فہرست"** کے مطابق ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں بستوں پر اسے خریدنے اور تقسیم کرنے کی ترغیب دلائی جائے گی۔
(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾4﴿ یونٹ نگران حج سنتوں بھرے اجتماع میں عازمین مدینہ سے ملاقات کرتے ہوئے حج کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے امیر اہلسنت کا مکتوب پیش کریں۔

﴾5﴿ **حج سنتوں بھرے اجتماع سے متعلق:**

i. **کورس فیضان حج و عمرہ:**

حج کے ضروری احکام کی تربیت حاصل کرنے کے چند ذرائع ہیں ان میں سے ایک ذریعہ حج سنتوں بھرا اجتماع اور تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح پر شعبہ شارٹ کورسز کے تحت ہونے والا **"7 دن کا کورس فیضان حج و عمرہ"** بھی جس کی سعادت حاصل کرنے والیوں کی بہتر انداز میں حج کے ضروری احکامات کی تربیت دی جائے گی۔

ii. **حج سنتوں بھرا اجتماع:**

ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں چند مقامات پر شوال المکرم کے آخری عشرے میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کے دن کے علاوہ کسی بھی دن "حج سنتوں بھرا اجتماع" کیا جائے۔

☆ ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں اس میں شرکت کی سعادت حاصل کریں۔

☆ حج سنتوں بھرے اجتماع کے آخر میں عازمین مدینہ پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے حسبِ موقع انہیں دینی کاموں میں عملاً شامل ہونے کی اچھی اچھی نیتیں کروائی جائیں گی ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں اس دینی کام کے لئے خود کو پیش کرتے ہوئے اپنا نام اپنی ذمہ دار کو نوٹ کروائیں تاکہ بہتر انداز پر انفرادی کوشش کی جاسکے۔